1008 ـ بالوں كو براؤن رنگ كرنا

سوال

كيا عورت كے ليے مہندى استعمال كيے بغير بالوں كو براؤن رنگ كرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ كے ليے اپنے بال براؤن كرنے ميں كوئى حرج نہيں، حتى كہ اگر اس ميں مہندى نہ بھى استعمال كى جائے، صرف آپ كے ليے اپنے بالوں كو سياہ كرنا ممنوع ہے، كيونكہ اس كى ممانعت نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے ثابت ہے.

آپ اس كى تفصيل ديكھنے كے ليے سوال نمبر (476) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

اور اسى طرح كفار سے مشابہت كرتے ہوئے اپنے بال رنگنا جائز نہيں، جس طرح بنكس فرقے كے لوگ اپنے بالوں كو مختلف قسم كے رنگ كرتے ہيں، اور ہر چٹيا كا عليحدہ رنگ ہوتا ہے.

اللہ تعالى سے ہم سلامتى و عافيت كے طلبگار ہيں.

واللہ اعلم .